© rasailojaraid.com



اور اسے سے لگلے ہی روز "اصل" حقیقت کا "اعلان" ہوا کہ مہنگائی کا ذمہ دار پنجاب ہے۔ گویا چور آخر کار پکڑ لیا گیا، لیکن کسی نے یہ نہ پوچھا کہ پنجاب حکومت کے کئے کی سزا باقی تین صوبوں کو کیوں دی جا رہی ہے۔۔۔ اور ان سب باتوں سے قطع نظر سب سے اہم سوال یہ ہے کیا حکومتیں صرف ٹیکسوں اور اشیاء صرف کی قیمتوں میں اضافوں کا کام جانتی ہیں اس کے لئے کوئی دوسری صورت نہیں ہے؟ مرکزی حکومت نے ان چھے ماہ میں جتنا سرمایہ سیاسی قوت کے توازن پر خرچ کیا اور انسانوں کو جانوروں کی طرح خریدنے کی مہم میں جتنی دولت برباد کی اگر ایسا ظالمانہ رویہ اختیار نہ کیا جاتا تو وہی سرمایہ آج ملک و قوم کے کام آتا اور قوم پہلے سے زیادہ حکومت پر اعتماد کرتی۔ اسمبلی کے بکنے والے افراد کے مقابلے میں قوم کو نظر انداز کرنا، اپنے پاؤں پر کلہاڑا مارنے کے مترادف ہے۔ ہم سمجھتے ہیں بے نظیر صاحبہ کے اقتصادی مشیر نے تمام تفصیلات سیاہ حاشیوں میں سجی ہوئی پیش کی ہیں اگر ایک "پروپوزل" بھی سرخ دائرے میں فٹ کر کے پیش کی جاتی تو اغلب خیال یہ ہے کہ وزیر اعظم صاحبہ ذرا ہوش کے ناخن لیتیں۔ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ وفاقی حکومت اپنے اس فیصلے کو قومی و ملکی مفادات کے پیش نظر واپس لے اور اس نااہل مشیر کو ملکی مفادات کے ماتحت سبکدوش کیا جائے! اور حکومت اپنے غیر ضروری اخراجات یکسر ختم کر کے ملک کی معاشی صورت حال قابو میں کرے۔

---

## اظہار تعزیت

برطانیہ میں احرار ختم نبوت مشن کے رہنما سید اسد اللہ طارق اور سید خالد مسعود گیلانی کے ماموں اور حضرت مولانا سید نیاز احمد شاہ گیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے چھوٹے بھائی سید منور احمد شاہ گیلانی رح آغاز رمضان میں انتقال فرما گئے۔

پتوکی میں ہمارے رفیق جناب نور محمد شاکر صاحب کے ماموں حضرت مولانا محمد سلیمان رح ۱۶ مارچ کو وفات پا گئے۔ آپ ممتاز عالم دین تھے اور گذشتہ پینتیس برس سے جامع مسجد رشیدیہ نزد گھنٹہ گھر گوجرانوالہ میں درس و تدریس اور دینی خدمت سر انجام دے رہے تھے۔ اِنّا للہ واِنّا الیہ راجعون۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر عطا فرمائے۔

ادارہ نقیب ختم نبوت کے تمام ارکان لواحقین کے غم میں شریک ہیں

تمام قارئین و احباب رمضان المبارک کی قبولیت والی گھڑیوں میں مرحومین کے لئے دعاء مغفرت کا اہتمام کریں اپنے تمام اعزہ اقارب اور پوری امت کی بخشش کے لئے دعا کریں۔

ادارہ

© rasailojaraid.com